© rasailojaraid.com



## ۲۰۰۵ کی اسلامی شخصیت

امام حرم ڈاکٹر عبدالرحمان السدیس کو دبئی بین الاقوامی قرآن کریم ایوارڈس کے لیے ۲۰۰۵ کی نویں عالمی شخصیت کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ (DEHQA) انتظامیہ کمیٹی کے Vice Chairman کے مطابق ڈاکٹر احمد السدیس کو اس ایوارڈ کے لیے ان کی قرآن اور اسلام کے تئیں خدمات کے سبب منتخب کیا گیا ہے، رپورٹ کے مطابق زمانۂ حج کے دوران امامت اور مسجد حرام میں تراویح میں ان کے ممتاز اور پرکشش لہجہ نے ان کو مسلم معاشرہ میں مشہور اور ہر دلعزیز بنادیا ہے، ڈاکٹر السدیس کا انتخاب (DEHQA) کی ایک میٹنگ کے دوران عمل میں آیا۔ انھوں نے اس کو قبول کرنے کے سلسلے میں انتہائی تواضع کا ثبوت دیا۔ پہلے انھوں نے یہ بتایا کہ وہ اس ایوارڈ کو قبول نہیں کریں گے۔ کیوں کہ اور بھی بہت سے علماء موجود ہیں جو ان سے زیادہ اس ایوارڈ کا استحقاق رکھتے ہیں، ڈاکٹر سدیس اب بھی اپنے آپ کو ایک طالب علم شمار کرتے ہیں، اسی وجہ سے ایوارڈ کا اعلان کرنے میں تاخیر ہوئی۔

(خبرنامہ ”مولانا سید ابوالحسن علی ندوی انسٹی ٹیوٹ، اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۵ء)

© rasailojaraid.com